لافتیٰ الا علی لاسیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ محرم الحرام ۱۳۳۶ھ مطابق ۵ نومبر ۱۹۱۷ء	نمبر ۴۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تعلق واٹر ورکس بصاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر	۱
۲	رخصت امتیاز علی خاں صاحب نائب تحصیلدار	"
۳	رخصت سید آل حسن صاحب اسسٹنٹ آبکاری	۲
۴	رخصت تحصیلدار صاحب بلاسپور	"
۵	دیگر رخصت سید آل حسن صاحب موصوف	"
۶	عطائے سند وکالت بہ محمد امداد اللہ خاں	"
۷	رخصت صاحب اسپیشل مجسٹریٹ بہادر	"
۸	عطائے سند وکالت بہ مرزا محمد باقر	"
۹	ہشت دستاویز تصدیق کی گئی بطور معمول	"
۱۰	تقرر بابو تارا چند	"
۱۱	نقشہ رخصت اجلاس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واٹر ورکس

۳۱ اکتوبر ۱۹۱۷ء

بوجہ کثرت کار تعمیرات سٹیٹ انجینیر بہا محکمہ واٹر ورکس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر کے متعلق فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۱۷ اکتوبر ۱۹۱۷ء

رخصت یک ہفتہ امتیاز علیخاں نائب تحصیلدار بوجہ علالت منظور کی گئی

رخصت

۲۳ اکتوبر سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ آبکاری سید آل حسن انسپکٹر آبکاری کی رخصت یک ہفتہ من ابتدائے ۱۱ اکتوبر سنہ ۱۹۱۷ء منظور ہوئی۔

رخصت

یکم نومبر سنہ ۱۹۱۷ء

رخصت یک ہفتہ بوجہ علالت تحصیلدار صاحب بلاسپور منظور ہوئی نائب تحصیلدار تحصیل میں حاضر رہکر معمولی و ضروری کام انجام دینگے اور بیل کی جانب تحصیلدار و نائب تحصیلدار توجہ رکھیں گے کہ تحصیل مطالبہ ہوتی رہے

رخصت

یکم نومبر سنہ ۱۹۱۷ء

باعتماد بیان زبانی سید آل حسن انسپکٹر آبکاری کہ بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم نے رخصت منظور فرمائی ہے۔ وحسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری رخصت دس یوم انسپکٹر آبکاری کی منظور ہوئی کام کا انتظام صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کردیں گے کہ حرج نہ ہو۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

عطائے سند وکالت

۳۰ اکتوبر سنہ ۱۹۱۷ء

درخواست عطائے سند وکالت درجہ اول محمد سمیع اللہ خاں ولد محمد امداد اللہ خاں ساکن رامپور کو سند وکالت حسب ضابطہ عطا کیگئی۔

رخصت

۳۱ اکتوبر سنہ ۱۹۱۷ء

حسب استدعا رخصت دس یوم صاحب اسپیشل مجسٹریٹ بہادر منظور ہوئی ایام رخصت میں صاحب مجسٹریٹ ضلع کام کا انتظام فرماویں گے۔

عطائے سند وکالت

۳۱ اکتوبر سنہ ۱۹۱۷ء

مرزا محمد باقر ولد نواب مرزا سوزخواں کو سند وکالت درجہ دوم عطا کیگئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۳۱ اکتوبر سنہ ۱۹۱۷ء

نقل کے متعلق بعض قواعد بذریعہ روبکار مورخہ ۲۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۷ء شائع کیے گئے جنکا اجرا یکم نومبر سنہ ۱۹۱۷ء سے منظور کیا گیا غرض یہ تھی کہ اس دو مہینہ کی مدت میں عام طور پر اہل معاملہ کو قواعد مذکورہ کی اطلاع ہوجائے لیکن روبکار ایک ماہ کے بعد ۲۰ اکتوبر کے گزٹ میں شائع ہوا جس سے وہ غرض فوت ہوگئی۔ نیز منصرم نقل نے قواعد مذکورہ کی نسبت بعض امور کی توضیح چاہی ہے۔ اور مناسب ہے کہ قواعد مذکورہ معہ جدید توضیح کے ایک ساتھ جاری ہوں۔ لہذا۔

حکم ہے کہ

بہ تنسیخ دفعہ ۳ روبکار مورخہ ۲۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۷ء قواعد مذکورہ کا نفاذ یکم دسمبر سنہ ۱۹۱۷ء سے ہوگا۔ جملہ عدالتہائے ماتحت و سررشتہ نقل کو نقل روبکار ہذا بھیجی جائے اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ اور سررشتہ دار صاحب صدر کو سعد تاخیر سے روبکار کی اشاعت کی طرف توجہ دلائی جائے۔ فقط

بجنسہ دستخط انگریزی صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب اسٹیٹ انجنیر بہادر

تقرر

۲۱ اکتوبر سنہ ۱۹۱۷ء

حسب منظوری بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم بابو تاراچند بعہدہ اکاؤنٹنٹ بمشاہرہ ایکسو روپیہ ماہوار امتحاناً تین مہینہ کیلیے مقرر کیے گئے اور ہر سال دس دس روپیہ بعد معائنہ کام ہر سال پائینگے اور بعد دو سال کے ایکسو بیس روپیہ ماہوار بحالت مستقلی پاتے رہیں گے۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدار ۲۹ اکتوبر لغایتہ ۴ نومبر سنہ ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ ۰/ر	۰	۰	۰۹ ۰/ر	۰۸ ۰/ر	۹ ۰/ر	
نخود خالص	۱۱ ۰/ر	۰	۰	۱۲ ۰/ر	۱۵ ۰/ر	۱۳ ۰/ر	
نخود کشتہ آمیز	۱۳ ۰/ر	۰	۰	۱۴ ۰/ر	۱۶ ۰/ر	۱۵ ۰/ر	
کتر	۱۲ ۰/ر	۰	۰	۱۵ ۰/ر	۱۷ ۰/ر	۱۶ ۰/ر	
ماش	۸ ۰/ر	۰	۰	۰	۰۷ ۰/ر	۸ ۰/ر	
مونگ	۹ ۰/ر	۰	۰	۰	۸ ۰/ر	۸ ۰/ر	
مکا	۱۲ ۰/ر	۰	۰	۱۵ ۰/ر	۱۲ ۰/ر	۱۶ ۰/ر	
جئی	۱۷ ۰/ر	۰	۰	۰	۲۰ ۰/ر	۱۴ ۰/ر	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۳ ۰/ر	۱۲ ۰/ر	
عدس	۰۵ ۰/ر	۰	۰	۰	۰۹ ۰/ر	۹ ۰/ر	
ارہر	۱۵ ۰/ر	۰	۰	۰	۱۵ ۰/ر	۱۴ ۰/ر	
برنج	۰۷ ۰/ر	۰	۰	۰۷ ۰/ر	۸ ۰/ر	۸ ۰/ر	
روغن زرد	۰ ۰/ر	۰	۰	۰ ۰/ر	۰ ۰/ر	۰	
روغن سیاہ	۲ ۰/ر	۰	۰	۱۰ ۰/ر	۲ ۰/ر	۲ ۰/ر	
روغن کنجد	۱ ۰/ر	۰	۰	۱ ۰/ر	۱ ۰/ر	۱ ۰/ر	
نمک سامبھر	۶ ۰/ر	۰	۰	۵ ۰/ر	۶ ۰/ر	۸ ۰/ر	
نمک لاہوری	۶ ۰/ر	۰	۰	۴ ۰/ر	۵ ۰/ر	۰۸ ۰/ر	
قند سیاہ	۳ ۰/ر	۰	۰	۳ ۰/ر	۳ ۰/ر	۳ ۰/ر	
باجرہ	۱۰ ۰/ر	۰	۰	۰	۱۲ ۰/ر	۰	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا